City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

MISSISSAUGA

# News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga twitter.com/citymississauga

# Mississauga کا 2026 کا بجٹ منظور کر لیا گیا ہے

Mississauga ٹیکس کے اضافے کو مہنگائی کی نسبت کم رکھتے ہوئے، ٹرانزٹ میں سرمایہ کاری، نفاذ، حفاظت اور تندرستی اور انفراسٹرکچر کو ترجیح دیتا ہے۔

City of Mississauga کا 2026 کا بجٹ منظور ہو چکا ہے۔ یہ بجٹ کمیونٹی کی ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے پراپرٹی ٹیکس کو قابلِ برداشت رکھنے کے ساتھ ساتھ 200 سے زائد شہری پروگراموں اور خدمات کی فراہمی کو جاری رکھنے اور اہم انفراسٹرکچر کی دیکھ بھال اور تعمیر کو یقینی بناتا ہے۔ 2026 کا بجٹ ایک مشترکہ عمل تھا، جس میں سٹی عملے اور قیادت کی طرف سے تجاویز بھی شامل کی گئی ہیں تاکہ اسے ٹیکس دہندگان کی ترجیحات کے ساتھ ہم آہنگ بنایا جا سکے۔ اس میں عوامی اراکین نے ایک درجن سے زائد وارڈ ٹاؤن ہالز، بجٹ کمیٹی کے اجلاسوں اور شہر کے دیگر ذرائع کے ذریعے اپنی رائے اور تجاویز فراہم کی ہیں۔

## قیمتوں کو برقرار رکھنے کے لیے بامعنی اقدامات

2026 کا بجٹ بناتے وقت، سٹی نے ٹیکس دہندگان کی اس درخواست پر بھی عمل کیا ہے کہ ٹیکس کو جتنا ممکن ہو سکے کم رکھا جائے۔ سٹی نے ٹیکس کے بوجھ کو کم کرنے کے لیے درج ذیل مخصوص اقدامات اٹھائے ہیں:

- اخراجات کو مؤخر کرنے، بجٹس میں کٹوتی کرنے اور آمدنی میں اضافہ کرنے کے ذریعے 17.4 ملین ڈالر کی بچت حاصل کی گئی۔
- کیپیٹل انفراسٹرکچر اور قرض کی باز ادائیگی پر محصول کو ایک سال کے لیے تین سے ایک فیصد تک کم کر دیا گیا ہے۔ اس محصول کو سڑکوں، پُلوں، کمیونٹی سینٹرز، پارکس اور دیگر چیزوں کو برقرار رکھنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔
- پبلک سیفٹی فائر پروگرام کے ایک فیصد محصول کو ایک سال کے لیے روک دیا گیا ہے، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ فائر اسٹیشنوں اور فائر فائٹنگ کے آلات کی ضروری مرمت کا کام پھر بھی جاری رہے۔

## 2026 کا بجٹ منظور کر لیا گیا ہے – یہ وہ چیزیں جو آپ کو جاننے کی ضرورت ہے

### ٹیکس پر مجموعی اثر

Mississauga چونکہ Region of Peel کا حصہ ہے، اس لیے ٹیکس دہندگان اپنے ٹیکس بل میں سٹی اور ریجن دونوں کے ٹیکس میں اضافہ دیکھیں گے 2026 کے لیے، سٹی کا بجٹ 4.39 فیصد بڑھا ہے اور اس میں جائیداد پر ٹیکس میں اضافے کا حصہ 1.61 فیصد ہے، جو کہ موجودہ مہنگائی کی شرح سے کم ہے۔ جب سٹی کے حصے کو Region of Peel کے 3.60 فیصد اضافے میں شامل کیا جائے، تو 2026 کے لیے مجموعی جائیداد ٹیکس میں اضافہ 5.21 فیصد بنتا ہے۔ یہ 2025 میں ہونے والے اضافے سے چار فیصد کم ہے۔ حقیقی رقم کے لحاظ سے، یہ آپ کے گھر کی ہر 100,000 ڈالر کی تشخیصی قدر پر ٹیکس میں 53.91 ڈالر کا اضافہ بنتا ہے۔ مثلاً، اگر آپ کا گھر 700,000$ کا ہو، تو 2026 کے لیے ٹیکس میں مجموعی اضافہ 377.37$ کا ہو گا۔

### خدمات کی فراہمی اور مؤثر سرمایہ کاری کے ذریعے قدر فراہم کرنا

ہر ایک ڈالر جو جائیداد پر عائد ہونے والے ٹیکس کے طور پر جمع کیا جاتا ہے، اس میں سے صرف 37 سینٹس سٹی کو جاتے ہیں تاہم 48 سینٹس Region of Peel کو چلے جاتے ہیں (مثلاً پولیس اور دیگر ضروری خدمات کے لیے) اور 15 سینٹس Government of Ontario کو تعلیم کے لیے ملتا ہے۔ 2026 کے بجٹ کے حصہ کے طور پر، سٹی کو ملنے والے 37 سینٹس اعلیٰ معیار کے پروگراموں، خدمات اور سہولیات فراہم کرنے کے لیے استعمال ہوں گے، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

## سڑکوں اور محلوں کی حفاظت کو بہتر بنانا

- اہم ترجیحی علاقوں میں قوانین کے نفاذ میں معاونت کے لیے بائی لاء انفورسمنٹ افسران کی تعداد میں اضافہ کرنا۔
- ترقیاتی منظوریوں کی صلاحیت بڑھانے اور انہیں مزید ہموار بنانے کے لیے پلاننگ اینڈ بلڈنگ کے شعبے میں عملہ بھرتی کرنا۔
- موسمِ سرما کی دیکھ بھال، بشمول پورے شہر میں برف ہٹانا اور فٹ پاتھ صاف کرنا۔
- سڑکوں، پُلوں، پارکس، طوفانی پانی کے نظام اور پگڈنڈیوں کی اہم برقراری کا کام۔
- شہر بھر کی سڑکوں کی بحالی بشمول نائنتھ لائن کو کھلا کرنے کا منصوبہ۔
- نئے فائر اسٹیشنز 127 (Lorne Park) اور 128 (North Lakeview) کے ڈیزائن، جن دونوں کو 2029 میں کھولنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔

## دلکش مقامات اور ماحولیاتی اقدامات کو یقینی بنانا

- نئے Glenforest Youth Hub کی تعمیر، جس کو 2028 کے پہلے سہ ماہی میں کھولنے کا ہدف مقرر ہے۔
- South Common Community Centre اور لائبریری کی بحالی کا کام جاری ہے اور توقع ہے کہ یہ 2027 کے آخر تک نئی سہولیات جس میں نیا ایکواٹکس سینٹر، نیا جمنازیم اور اپڈیٹ شدہ لائبریری شامل ہیں، کے ساتھ دوبارہ کھل جائے گا۔
- پارک لینڈ اور ہائبرڈ بسوں کی خریداری (78 بسیں منصوبہ بندی کے تحت)۔

## خاندانوں، نوجوانوں اور بزرگوں کی معاونت کرنا

- تمام عمر اور صلاحیتوں کے حامل افراد کے لیے مختلف اقسام کے تفریحی پروگرام۔
- 65 سال زیادہ عمر کے رہائشیوں کے لیے مفت فٹنس ممبرشپ اور معمر افراد اور 12 سال تک کے بچے، جو PRESTO کا استعمال کرتے ہیں، کے لیے مفت کرایے۔
- سیلاب سے بچاؤ اور ہنگامی امداد۔

مزید معلومات کے لیے mississauga.ca/budget ملاحظہ کریں۔

## بجٹ کمیٹی کی میٹنگ کے اہم نکات

پس منظر کی مزید معلومات کے لیے بجٹ کمیٹی کے اہم نکات دیکھیں، جس میں سروس ایریا کی پریزنٹیشنز کے لنکس بھی شامل ہیں:

- 20 جنوری کی بجٹ کمیٹی کی میٹنگ کے اہم نکات
- 13 جنوری کی بجٹ کمیٹی کی صبح کی میٹنگ کے اہم نکات
- 13 جنوری کی بجٹ کمیٹی کی شام کی میٹنگ کے اہم نکات
- 12 جنوری کی بجٹ کمیٹی کی ملاقات کے اہم نکات

## اقتباسات

"Mississauga کے رہائشیوں نے 2026 کے بجٹ کو تشکیل دینے میں بہت واضح رائے دی ہے اور سٹی نے اس کو زیرغور لایا ہے اور ان پر عمل کیا ہے تاکہ ٹیکس میں اضافہ کم سے کم اور مہنگائی کی موجودہ شرح نیچے رہے۔ یہ سب سمجھدارانہ اور ذمہ دارانہ اقدامات کے ذریعے ممکن ہوا، مثلاً بچت اور کارکردگی کے مواقع تلاش کرنا، غیر ضروری سرمایہ کاری کو مؤخر کرنا اور شہر کی موجودہ مضبوط مالی صورت حال کے لیے حمایت حاصل کرنا۔ میں اپنے کونسل کے ساتھیوں،

City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

# News Release



سٹی کے عملے، کمیونٹی گروپس، کاروباروں اور رہائشیوں کا بجٹ کے عمل میں فعال شرکت اور شہر کو آگے بڑھانے میں کردار ادا کرنے پر شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔" – میئر Carolyn Parrish

"Mississauga کی بڑھتی ہوئی آبادی اعلیٰ معیار کی خدمات، ایک اچھی طرح سے برقرار شہر اور متحرک اقتصادی مواقعوں کی توقع کرتی ہے۔ 2026 کا بجٹ ان تمام چیزوں کو مدنظر رکھ کر بنایا گیا ہے اور سٹی کی حکمت عملی کی ترجیحات کو حاصل کرنے سے بھی ہم اہنگ ہے۔ سٹی کے تمام محکموں کے عملے نے مؤثر طریقے سے تعاون کیا ہے تاکہ ایک ایسا بجٹ تیار کیا جا سکے جو کمیونٹی پر عائد کیے جانے والے ٹیکسوں کو کم از کم رکھنے کی خواہش کو پورا کرے اور اس کے علاوہ سب کی زندگی بہتر بنانے کے لیے 200 سے زائد پروگراموں اور خدمات کی فراہمی جاری رکھے۔" – Geoff Wright، سٹی منیجر اور چیف ایڈمنسٹریٹِو آفیسر

"متعدد معاشی مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے، شہر نے ایک ایسا بجٹ تیار کیا ہے جس کا عمل شفاف، حکمت عملی پر مبنی ہے اور ہماری مضبوط مالی حیثیت کو برقرار رکھے گا۔" 2026 کا بجٹ ان اہم خدمات اور پروگراموں میں سرمایہ کاری کرے گا جن پر کمیونٹی انحصار کرتی ہے اور ہمارے شہر اور معیشت کے بڑھتے ہوئے حجم اور اثرات کے ساتھ ساتھ اہم انفراسٹرکچر کی دیکھ بھال کو بھی جاری رکھے گا۔" – Marisa Chiu، کمشنر اور سٹی خزانچی، کارپوریٹ سروسز